راولپنڈی ترقیاتی ادارہ، راولپنڈی

اطلاع برائے الاٹی/ٹرانسفری

ادائیگی برائے ایزادی قیمت زمین، سید پور روڈ سکیم، راولپنڈی

آخری موقع

ہر گاہ بذریعہ نوٹس ہذا آپ کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ سابقہ مالکان اراضی سید پور سکیم، راولپنڈی جن سے متذکرہ سکیم کے لیے اراضی حاصل کی گئی تھی، ان میں سے چند مالکان نے معاوضہ میں اضافہ کے لیے عدالت سے رجوع کیا جس پر عدالت عالیہ کے حکم پر متذکرہ مالکان کو زائد معاوضہ 10 ہزار روپے فی کنال بمعہ مارک اپ ادائیگی کی گئی۔ اضافی رقم سید پور روڈ کے الاٹیوں میں ان کے زیر قبضہ رقبہ کے مطابق تقسیم کی گئی اور معاہدہ فروختگی الاٹمنٹ/ٹرانسفر لیٹر کے تحت الاٹیوں سے وصول کی جانی مطلوب ہے۔

اس سلسلے میں محکمہ کی جانب سے الاٹیوں کو مسلسل نوٹس جاری کیے جا رہے ہیں لہذا بذریعہ نوٹس ہذا تمام نادہندگان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اپنے ذمہ واجب الادا واجبات محکمہ ہذا میں اندر 15 یوم جمع کروائیں۔ بصورت دیگر آپ کی الاٹمنٹ کینسل کر دی جائے گی اور آپ کے زیر قبضہ زمین محکمہ کے حق میں ضبط کر لی جائے گی۔

نوٹ: اس نوٹس کے بعد مزید کوئی توسیع نہیں دی جائیگی لہذا اپنے واجبات فوری طور پر جمع کروائیں۔

8/11/2021

ڈائریکٹر ایل ڈی اینڈ ای ایم

آر۔ڈی۔اے راولپنڈی

Scanned by CamScanner